nyckidsrise.org
833-543-7473

NYC KiDS RiSE™ | Save for College Program

# اکثر پوچھے گئے سوالات
## کالج کے لیے بچت پروگرام کے بارے میں!

**توسیع شدہ نسخہ**

*تعلیمی سال 2025-2026*



### 5 اہم باتیں جو فیملیز کو معلوم ہونی چاہئیں

1. وہ تمام خاندان جن کے ہاں کنڈرگارٹن، پہلے، دوسرے، تیسرے یا چوتھے گریڈ والے ایسے طلبہ ہیں جن کا NYC پبلک اسکولوں (بشمول شرکت کنندہ چارٹر اسکولوں) میں اندراج ہوا ہے، وہ کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں شرکت کرنے کے اہل ہیں، چاہے ان کی خاندانی آمدنی یا امیگریشن کی حالت جو بھی ہو۔
2. اگر اہل ہوئے تو پروگرام میں آپ کے بچے کا **خود کار طریقے سے اندراج** ہو جائے گا، ماسوائے یہ کہ آپ شرکت نہ کرنے اور دستبردار ہونے کا فیصلہ کریں۔
3. اندراج ہو جانے پر، آپ ایک استقبالیہ کتابچہ موصول کریں گے جس میں اس بابت معلومات ہوں گی کہ اپنے بچے کا مفت NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کیسے چالو کریں، جس میں NYC Kids RISE کی طرف سے آپ کے بچے کے نام سے 100$ کی ابتدائی رقم ہوگی۔
4. اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ چالو کرنے کے بعد، آپ اضافی انعامات حاصل کرنے کے لیے دیگر بنیادی اقدامات —بلڈنگ بلاکس کے بطور معروف— مکمل کر سکتے ہیں۔
5. NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کا استعمال کالج یا کیریئر ٹریننگ کے نوع بہ نوع اخراجات کے لیے کیا جا سکتا ہے۔

# مواد


| | |
|---|---|
| پروگرام کی اساسیات | 2 |
| اہلیت اور شرکت | 4 |
| NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC SCHOLARSHIP ACCOUNT) | 6 |
| آپ کا اپنا کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ | 10 |
| بچت میچ | 12 |


*NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) ایک غیر منافع بخش تنظیم، NYC Kids RISE Inc. کے زیر بندوبست، NYC محکمۂ تعلیم اور سٹی آف نیو یارک کے اشتراک سے ایک اسکالرشپ اور بچت پروگرام ہے۔ NYC Kids RISE نہ تو New York's 529 College Savings Program سے الحاق یافتہ ہے نہ ہی اس کا مجاز تقسیم کار ہے اور یہ سرمایہ کاری کی وکالت نہیں کرتا یا سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا۔ سٹی آف نیو یارک اور NYC محکمۂ تعلیم (NYC Department of Education NY 529) پروگرام مینیجر اور کسی خاص کالج کے لیے بچت یا دیگر سرمایہ کاری کے وسیلے، بشمول کالج کے لیے بچت پروگرام کے ذریعے فیملیز کو جن وسائل کے بارے میں علم ہو سکتا ہے ان کی تائید یا ان کے بارے میں تجویز پیش نہیں کرتا ہے اور اس کا اس پر کوئی کنٹرول، اس کی ملکیت یا اس کے ساتھ کوئی الحاق نہیں ہے۔*

NYC KIDS RISE™ | Save for College Program

## پروگرام کی اساسیات

### 1. NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کیا ہے؟

NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام ایک اسکالرشپ اور بچت پروگرام ہے جسے NYC پبلک اسکول کے تمام طلبہ کے لیے کالج اور کیریئر کے لیے تربیت کو اور زیادہ قابل رسائی بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے، چاہے ان کی فیملی کی آمدنی اور ترک وطن کی حیثیت جو بھی ہو۔

کنڈرگارٹن سے ہی، NYC پبلک اسکولوں (بشمول شرکت کنندہ چارٹر اسکولوں) میں اندراج یافتہ ہر طالب علم اپنی مستقبل کی اعلیٰ تعلیم کے لیے خود بخود 100$ کی ابتدائی رقم کے ساتھ ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) موصول کرتا ہے، ماسوائے یہ کہ ان کے والدین یا سرپرست کالج کے لیے بچت پروگرام سے "دستبردار" ہو جائیں۔ خاندان اسکالرشپ کے اضافی انعامات حاصل کر سکتے ہیں، جو اس وقت اس اکاؤنٹ میں ڈالے جائیں گے جب وہ پروگرام کے ذریعے اپنے بچے کے فائدے کے لیے کالج اور کیریئر کے لیے بچت کا ایک اکاؤنٹ کھولیں گے اور/یا منسلک کریں گے۔ پھر، خاندان ان طریقوں سے اور اتنی رقوم میں پیسے کی بچت شروع کر سکتے ہیں جو ان کے مالی حالات کے لحاظ سے مناسب ہوں۔ کمیونٹیاں ہر بچے کی کامیابی کے لیے اپنے کمیونٹی سپورٹ کا اظہار کرنے کے لیے کمیونٹی اسکالرشپس کے ذریعے طلبہ کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کے گروپوں میں اضافی رقم دے کر بھی تعاون کر سکتی ہیں۔

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کے لیے مختص کردہ فنڈز کی سرمایہ کاری New York's 529 College Savings Program *Direct Plan*[1] کے ایک اکاؤنٹ میں کی جاتی ہے جو شرکت کنندہ طلبہ کی جانب سے ایک غیر منفعتی تنظیم NYC Kids RISE کی زیر ملکیت اور زیر انتظام ہوتا ہے۔

مجموعی طور پر، کالج کے لیے بچت پروگرام والدین اور سرپرستوں، فیملی کے افراد، دوست و احباب، اسکولوں، کمیونٹیوں، کاروباروں اور حکومت کو ہر بچہ کے لیے اثاثے تعمیر کرنے اور تعلیمی اور مالی کامیابی کی توقعات میں تعاون کرنے کے لیے مل جل کر کام کرنے کے قابل بناتا ہے۔

---

*[1] NYC Kids RISE نہ تو New York's 529 College Savings Program سے الحاق یافتہ ہے نہ ہی اس کا مجاز تقسیم کار ہے اور یہ سرمایہ کاریاں نہیں مانگتا یا سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا۔ سٹی آف نیو یارک اور NYC محکمۂ تعلیم (NYC Department of Education) NY 529 پروگرام مینیجر اور کسی خاص کالج کے لیے بچت یا دیگر سرمایہ کاری کے وسیلے، بشمول کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کے ذریعے فیملیز کو جن وسائل کے بارے میں علم ہو سکتا ہے ان کی تائید یا ان کے بارے میں تجویز پیش نہیں کرتا ہے اور اس کا اس پر کوئی کنٹرول، اس کی ملکیت یا اس کے ساتھ کوئی الحاق نہیں ہے۔*

## 2. کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کا "اسکالرشپ" والا حصّہ کس طرح کام کرتا ہے؟

پروگرام میں آپ کے بچے کے اندراج کے بعد، NYC Kids RISE ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) تخلیق کرے گی اور خود کار طریقے سے آپ کے بچے کے تعلیمی مستقبل کے ضمن میں 100$ کی رقم مختص کر دے گی۔ والدین اور سرپرستوں کو NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس میں رقم جمع کرنے یا ان سے رقم نکالنے کی اجازت نہیں ہے کیوں کہ ان کا استعمال شرکت کنندہ طالب علم گریجوئیٹ ہونے کے بعد صرف مستند اعلی تعلیمی اخراجات کے لیے ہی کر سکتے ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ، NYC Kids RISE آپ کی فیملی کے لیے آپ کے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے لیے مزید رقم کمانے کے لیے مواقع فراہم کرے گی۔ کمیونٹی تنظیمیں، کاروبار، پڑوسی اور دیگر لوگ بھی آپ کے بچے کو کالج اور کیریئر کے اہداف تک پہنچنے مدد دینے کے لیے طلباء کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کے گروپس میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

NYC Kids RISE جو کہ ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے، شرکت کنندہ طلبہ کی طرف سے اسکالرشپ فنڈز کی مالک اور منتظم ہے اور وہ ان فنڈز کو NY 529 *Direct Plan* میں لگاتی ہے جو اعلیٰ تعلیم کے لیے بچت کرنے میں فیملیز کی مدد کرنے کی غرض سے خصوصی طور پر ڈیزائن کردہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی ایک قسم ہے۔ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کو وقت کے ساتھ رقم کا فائدہ یا نقصان ہو سکتا ہے، جس کا انحصار صرافہ بازاروں اور سرمایے کی کارکردگی پر رہے گا۔

اگر آپ کسی اہل بچے کے والدین یا سرپرست ہیں تو جب تک آپ پروگرام سے آپٹ آؤٹ نہیں کرتے ہیں NYC Kids RISE آپ کے بچے کے نام سے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ تخلیق کرے گی اور اس کے لیے فنڈ فراہم کرے گی۔ آپ کے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ بن جانے پر آپ کو NYC Kids RISE کی طرف ایک خیر مقدمی کتابچہ موصول ہو گا۔ آپ کے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ فعال کرنے اور وقت کے ساتھ اس میں مختص کردہ اسکالرشپ فنڈز دیکھنے کے لیے:

- آپ کو پیسے جمع کروانے کی ضرورت **نہیں** ہو گی
- آپ کو اپنا سوشل سیکورٹی نمبر (Social Security Number, SSN)، انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (Individual Taxpayer Identification Number, ITIN)، بینک اکاؤنٹ یا کریڈٹ کارڈ کی معلومات فراہم کرنے کی ضرورت **نہیں** ہو گی
- آپ کے لیے معاشی حالت یا امیگریشن کی حالت کی معلومات فراہم کرنا ضروری **نہیں** ہوگا
- اس میں حصّہ لینے کے لیے زیادہ سے زیادہ یا کم سے کم آمدنی کی شرط **نہیں** ہے

## 3. کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کا "بچتیں" والا حصہ کس طرح کام کرتا ہے؟

آپ کے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) انہیں موصول ہونے کے بعد، آپ اور آپ کی فیملی کے لیے درست کالج اور کیریئر کے لیے بچت کا منصوبہ بنانے کے طریقے سے متعلق آپ کو مزید معلومات موصول ہوں گی۔ اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں لگائے گئے پیسے کو بڑھانے کے لیے، آپ پروگرام کے ذریعہ اپنے بچے کے فائدے کے لیے کالج اور کیریئر کے لیے ایک بچت اکاؤنٹ کھول اور/یا مربوط کر سکتے ہیں جس کے مالک آپ ہوتے ہیں۔

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے برخلاف جو آپ کے بچے کی مستقبل کی تعلیم کے لیے NYC Kids RISE کی ملکیت اور اس کے زیر انتظام ہوتا ہے، آپ اپنے مربوط اکاؤنٹ کے مالک ہوتے ہیں۔ آپ، آپ کے رشتہ دار اور آپ کے دوست و احباب اس اکاؤنٹ میں براہ راست تعاون کر سکتے ہیں۔ اس بات پر انحصار کرتے ہوئے کہ آپ کس قسم کا بچت اکاؤنٹ منتخب کرتے ہیں، آپ کی فیملی آن لائن NYC Kids RISE کے بچت ٹریکر کے ذریعے اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے ساتھ ہی اپنے خود کے بچت بیلنس کا پتہ لگا سکتی ہے۔

nyckr.org/options-faq ملاحظہ کر کے، nyckr.org/events-faq پر NYC Kids RISE کی کسی ورچوئل ورکشاپ میں شرکت کر کے، 833-KID-RISE (833-543-7473) پر ہماری ہاٹ لائن کو کال کر کے یا info@nyckidsrise.org پر ہمیں ای میل کر کے یا NYC Kids RISE میں کسی نمائندے سے بات کرنے کے لیے ایک اپوائنٹمنٹ طے کر کے بچت اکاؤنٹ کے اپنے اختیارات کے بارے میں جانیں۔

آپ NYC مالی تفویض اختیار مرکز میں ایک مفت مالی مشاورتی اپائنٹمنٹ بھی طے کر سکتے ہیں۔ ایک اپائنٹمنٹ nyc.gov/talkmoney پر بُک کریں۔

## 4. کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کس لیے تخلیق کیا گیا تھا؟

کسی بچے کے تعلیمی مستقبل کے لیے بچت کرنا دشوار ہو سکتا ہے۔ بہت ساری فیملیوں کے لیے، اپنے بچوں کو کالج بھیجنا ناممکن محسوس ہو سکتا ہے۔ NYC Kids RISE نے سٹی آف نیو یارک اور نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYC Public Schools) کے اشتراک سے کالج کے لیے بچت پروگرام شروع کیا تاکہ بچے کے اسکول کے پہلے ہی دن سے کالج اور کیریئر ٹریننگ کے لیے بچت اور منصوبہ بندی کرنا شروع کرنے میں فیملیوں کی مدد کی جا سکے۔ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ ایسے بچے جن کے پاس کوئی بھی کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ ہو، جس میں 1$ سے 500$ تک رقم ہو، ان کے کالج میں اندراج کرانے کا امکان تین گنا زیادہ ہوتا ہے اور ان کے کالج کی تعلیم مکمل کرنے کا امکان چار گنا سے زیادہ ہوتا ہے۔ تحقیق سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بچے جو کالج جاتے ہیں وہ اپنی زندگیوں میں زیادہ بڑی تنخواہیں پاتے ہیں اور ان کے بے روزگار ہونے کا امکان کم ہوتا ہے۔

## 5. کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں شرکت کے لیے کون اہل ہے؟

تعلیمی سال 2025-2026 تک، NYC پبلک اسکولوں (بشمول شرکت کنندہ چارٹر اسکولوں) میں اندراج یافتہ کنڈرگارٹن، پہلے، دوسرے، تیسرے اور چوتھے گریڈز کا ہر طالب علم شرکت کر سکتا ہے، چاہے ان کے خاندان کی آمدنی یا ترک وطن کی حیثیت جو بھی ہو۔

جغرافیائی اسکول ڈسٹرکٹ 30 کے 39 پائلٹ اسکولوں میں کنڈرگارٹن سے پانچویں گریڈ تک کے تمام طلبہ شرکت کرنے کے اہل ہیں۔

اہل طلبہ کے لیے کالج کے لیے بچت پروگرام میں مندرج ہونے کے لیے لازمی ہے کہ وہ کم از کم 60 دن تک کسی شرکت کنندہ اسکول میں حاضر ہوں۔ ماسوائے یہ کہ آپ نے پروگرام سے دستبردار ہونے کا فیصلہ کیا ہو، آپ کے بچے کا ستمبر یا جنوری میں کالج کے لیے بچت پروگرام میں خود بخود اندراج ہو جاتا ہے۔ NYC Kids RISE آپ کے بچے کے لیے $100 کی ایک ابتدائی رقم کے ساتھ ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) تخلیق کرے گی۔

## 6. میں کس طرح شرکت کروں گا؟

اگر آپ کا بچہ اہل ہے تو کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) شروع کرنا آسان ہے! طریقہ حسب ذیل ہے:

- **بس کوئی اقدام نہ کریں** جب آپ کو اپنے بحے کے اسکول کی طرف سے یہ نوٹس موصول ہو کہ دستبرداری کی مدت شروع ہو گئی ہے (اس وقت آپ دستبرداری کی کارروائی کے بارے میں معلومات موصول کریں گے)۔
- دستبرداری کی مدت ختم ہونے کے بعد، کالج کے لیے بحت پروگرام کے لیے آپ کے بحے کا خود بخود اندراج ہو جائے گا اور NYC Kids RISE آپ کے بحے کی جانب سے $100 کی ایک ابتدائی رقم کے ساتھ ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) تخلیق کرے گی۔
- آپ ایک **استقبالیہ کتابحہ** موصول کریں گے حس میں اضافی معلومات اور NYC Kids RISE کی حانب سے ہدایات ہوں گی۔ اگر آپ موسم خزاں میں دستبردار نہیں ہوتے، تو آپ کو نئے سال کے حنوری میں شروع کرتے ہوئے اپنے بحے کا اکاؤنٹ فعال کرنے کے قابل ہونے کی توقع کرنی حاہیے۔ (اگر آپ بعد کی کسی تاریخ میں اندراج کراتے ہیں تو کب آپ اپنے بحے کا اکاؤنٹ فعال کر سکتے ہیں اس کے لیے مقررہ وقت مختلف ہو سکتا ہے ۔
- اپنا استقبالیہ کتابحہ وصول کرنے کے بعد، اپنے بحے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو **فعال** کرنے کے لیے [nyckr.org/activate-faq](nyckr.org/activate-faq) پر جائیں۔ آن لائن پلیٹ فارم، بچت ٹریکر (Saving Tracker) پر رجسٹر ہونے کے بعد، آپ اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو وقت کے ساتھ ٹریک کرنے کے قابل ہوں گے۔ آپ اس بارے میں بھی معلومات موصول کریں گے کہ اس پروگرام میں دیگر بنیادی اقدامات کیسے کریں۔

## 8. امیگریشن کی حالت میرے بچے کی شرکت کرنے کی صلاحیت کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟

## 7. میں اپنے بچے کا مفت NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کب فعال کر سکتا/سکتی ہوں؟

**میرے بچے نے حال ہی میں پہلی مرتبہ خزاں 2025 میں ایک NYC سرکاری اسکول (یا شرکت کنندہ چارٹر اسکول) میں کنڈرگارٹن، پہلے، دوسرے، تیسرے یا چوتھے گریڈ میں تعلیم شروع کی:**

آپ اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو **جنوری 2026** میں فعال کرنے اور دیکھنے کے قابل ہوں گے! آپ کا اسکول اور NYC Kids RISE آپ کو مطلع کریں گے جب آپ کے بچے کا اکاؤنٹ فعال ہونے کے لیے تیار ہوا۔

*اگر آپ نے پہلے سے ہی کسی دوسرے بچے کے لیے ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ فعال کیا ہوا ہے، تو آپ جنوری میں [nyckr.org/login-faq](nyckr.org/login-faq) پر جا کر بچت ٹریکر (Savings Tracker) میں دوبارہ لاگ ان کرنے اور اپنے حال ہی میں اہل ہونے والے بچے کو شامل کرنے کے قابل ہوں گے۔*

ابھی کے لیے، [nyckr.org/start-faq](nyckr.org/start-faq) پر پروگرام کے بارے میں مزید جانیں یا [nyckr.org/events-faq](nyckr.org/events-faq) پر کسی ورچوئل ورکشاپ میں شامل ہوں۔

**میرا بچہ فی الحال پہلے، دوسرے، تیسرے یا چوتھے گریڈ میں ہے اور وہ تعلیمی سال 2024-2025 کے دوران پچھلے تعلیمی سال میں NYC پبلک اسکول (یا شرکت کنندہ چارٹر اسکول) میں زیر تعلیم تھا:**

**مبارک ہو!** اگر آپ نے پروگرام سے آپٹ آؤٹ نہیں کیا ہے تو آپ کے بچے کے پاس پہلے سے ایک مفت NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ ہے جس میں **ابتدائی $100** کالج اور کیریئر کی تربیت کے لیے موجود ہیں۔ ذیل کے اقدامات اختیار کر کے اکاؤنٹ چالو کریں اور اسے دیکھیں اور **اضافی $25 کمائیں**۔

[nyckr.org/register-faq](nyckr.org/register-faq) ملاحظہ کریں۔ اپنے بچے کا گھریلو زپ کوڈ، تاریخ پیدائش اور طالب علم والا شناختی نمبر درج کریں۔ پھر "جمع کریں" پر کلک کریں۔ آپ اپنے اسکول سے بھی تعاون طلب کر سکتے ہیں!

یہ متاثر نہیں کرتی ہے! کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں سبھی اہل طلبہ، امیگریشن کی حالت سے قطع نظر، شرکت کر سکتے ہیں۔

فیملیوں کے لیے اس پروگرام میں اپنے بچے کا اندراج کرانے اور NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) حاصل کرنے کے لیے کوئی سوشل سیکورٹی نمبر (Social Security Number, SSN) یا انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (Individual Taxpayer Identification Number, ITIN) فراہم کرنے کی ضرورت **نہیں ہے**۔

تاہم، جب آپ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے ساتھ اپنے بچے کے فائدہ کے لیے بچت کرنے کے لیے کوئی کالج اور کیریئر بچت اکاؤنٹ کھولنے پر غور کر رہے ہوں جس کے آپ مالک ہوں تو براہ کرم نوٹ کر لیں کہ بچت اکاؤنٹ کی آپشنز کھولنے کے لیے ایک SSN یا ITIN کا ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ، اگر آپ کوئی NY 529 *Direct Plan* اپنے بچت کے اختیار کے طور پر کھولنے اور مربوط کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کو لازمی طور پر امریکہ کے کسی مصدقہ پتے کے ساتھ امریکی شہریت یا مستقل مکین کی انٹرنل ریونیو سروس (Internal Revenue Service, IRS) کی تعریف پر پورا اترنا چاہیے۔

آپ کے بچے کا مفت NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ وصول کرنے کے لیے، جو NYC Kids RISE آپ کے بچے کے نام سے بناتی اور اس کی نمائندگی کرتے ہوئے چلاتی ہے، آپ کو اپنا اکاؤنٹ کھولنے کی ضرورت **نہیں ہے**۔

## 9. اگر میں دستبردا نہ ہوں تو NYC Kids RISE میرے بچے کو کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں درج کرنے کے لیے میری اور میرے بچے کے بارے میں کون سی معلومات حاصل کرے گی؟

NYC Kids RISE کو ہر شرکت کنندہ طالب علم کے لیے نیو یارک شہر پبلک اسکولز سے درج ذیل معلومات موصول ہوتی ہیں:

- پروگرام کے لیے طالب علم کا منفرد شناختی نمبر؛
- طالب علم کا پورا نام؛
- طالب علم کی تاریخ پیدائش؛
- طالب علم کا گھر کا پتہ؛
- آیا طالب علم کے گھر کا پتہ تبدیل ہوا ہے؛
- طالب علم کے گھر کا فون نمبر؛
- طالب علم کے اسکول کا نام؛
- طالب علم کی موحودہ گریڈ سطح؛
- طالب علم کے گھر پر بولی حانے والی زبان (زبانیں)؛
- NYC پبلک اسکول سسٹم کے اندر اور باہر دونوں حگہ دیگر اسکولوں میں ہونے والی منتقلیاں، اگر کوئی ہوئی ہو۔

NYC Kids RISE ہر شرکت کنندہ طالب علم کے دونوں والدین یا دو سرپرستوں کی درج ذیل معلومات بھی حاصل کرتی ہے:

- والدین کا شناختی نمبر حو پروگرام کے لیے منفرد ہوتا ہے؛
- والدین یا سرپرست کا پورا نام؛
- والدین یا سرپرست کا ای میل پتہ؛
- والدین یا سرپرست کا سیل اور/یا دیگر فون نمبر۔

یہ اُس جیسی ہی معلومات ہیں جو آپ اسکول میں اپنے بچے کا اندراج کراتے وقت "بلیو کارڈ" پر جمع کراتے ہیں۔ یہ ڈیٹا NYC Kids RISE کے لیے شرکت کنندہ ہر بچے کے لیے ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) بنانے اور ہر ایک میں $100 کی ابتدائی رقم مختص کرنے کو ممکن بناتا ہے۔ NYC Kids RISE فیملی کی تمام معلومات کے سلسلہ میں پرائیویسی اور رازداری کے سخت اصولوں کی تعمیل کرتی ہے۔

## 10. ہماری ذاتی معلومات کا استعمال کیسے کیا جاتا ہے؟

پروگرام میں شریک فیملیز کے بارے میں یہ بنیادی معلومات NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) قائم کرنے، خاندانوں سے کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کے بارے میں رابطہ کرنے اور پروگرام کی کامیابی کا جائزہ لینے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔

## 11. وسٹا شیئر (VistaShare) کیا ہے اور یہ کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) سے کیسے متعلق ہے؟

وسٹا شیئر (VistaShare) ایک ٹیکنالوجی کمپنی ہے جو NYC Kids RISE کے ساتھ معاہدے کے تحت کام کرتی ہے۔ یہ کمپنی طلباء اور والدین/سرپرستوں کی ذاتی معلومات کو محفوظ رکھنے کے لیے سافٹ ویئر فراہم کرتی ہے اور ان کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts) بناتی ہے۔ وسٹا شیئر کا سافٹ ویئر، جسے بچت ٹریکر (Savings Tracker) کہا جاتا ہے، شریک بچوں کے خاندان کے مجاز افراد کو اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ دیکھنے اور اگر چاہیں تو اپنا کالج اور کیریئر سیونگز اکاؤنٹ (college and career savings account) کو مربوط کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

## 12. وسٹا شیئر (VistaShare) کو میرے اور میرے بچے کے بارے میں کون سی ذاتی معلومات ملیں گی؟

وسٹا شیئر (VistaShare) کو اس سافٹ ویئر تک رسائی حاصل ہو گی جو شرکاء کی معلومات محفوظ کرتا ہے تاکہ وہ تکنیکی مدد فراہم کر سکے۔ یہ سافٹ ویئر خاندانوں کے بارے میں بنیادی معلومات محفوظ کرتا ہے جو نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYC Public Schools) سے فراہم کی گئی ہوتی ہیں، ہر شریک کو دی گئی اسکالرشپ فنڈز (scholarship funds) کی رقم اور اس اکاؤنٹ کی معلومات جو خاندان نے اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کے ساتھ منسلک کی ہوں۔

## 13. اگر میں شرکت کرنا نہ چاہوں تو کیا ہوگا؟

اپنے اسکول کو یہ بتانے کے لیے کہ آپ کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں اپنے بچہ کا اندراج کروانا نہیں چاہتے ہیں، آپ کو لازماً 30 دنوں کے اندر ایک دستخط شدہ آپٹ آؤٹ فارم واپس کرنا چاہیے یا اپنے NYC اسکولز اکاؤنٹ (NYC Schools Account) میں آپٹ آؤٹ کرنا چاہیے۔ ان میں سے کوئی بھی اقدامات کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا بچہ کوئی NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account)، $100 کی ابتدائی مختص رقم یا

مستقبل کے فنڈز موصول نہیں کرے گا۔ مخصوص تفصیلات کے لیے براہ کرم اپنے بچے کے آپٹ آؤٹ فارم سے رجوع کریں یا نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYC Public Schools) کی ویب سائیٹ nyckr.org/NYCPS ملاحظہ کریں۔

## 14. اگر میں ابھی کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کروں تو کیا میں اپنے بچے کا اندراج بعد کی کسی تاریخ میں کروا سکتا ہوں؟

ہاں، وہ والدین اور سرپرست جو دستبردار ہو چکے تھے مگر بعد میں ان کا ارادہ تبدیل ہو جاتا ہے اور وہ اپنے بچے کی شرکت کے خواہاں ہوں، تو وہ بعد کی کسی تاریخ میں دوبارہ اندراج کرا سکتے ہیں۔ دوبارہ اندراج کرانے کے لیے فیملیز کے پاس ان کے بچے کے پانچویں گریڈ کا سال ختم ہونے تک کا وقت ہوتا ہے۔ مخصوص تفصیلات کے لیے nyckr.org/NYCPS ملاحظہ کریں۔

## 15. کیا میں دستبرداری کے نوٹس کی آخری تاریخ کے بعد کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں اپنے بچے کی شرکت منسوخ کر سکتا ہوں؟

ہاں، ابتدائی طور پر اندراج ہو جانے کے بعد بھی آپ اپنے بچے کی شرکت منسوخ کر سکتے ہیں۔ مخصوص تفصیلات اور ہدایات کے لیے nyckr.org/NYCPS ملاحظہ کریں۔

**NYC اسکالر شپ اکاؤنٹ**
**(NYC SCHOLARSHIP ACCOUNT)**

## 16. NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) میں موجود رقم کس مد میں استعمال کی جا سکتی ہے؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کی سرمایہ کاری NY 529 *Direct Plan* میں کی جاتی ہے اور اس کا استعمال اعلیٰ تعلیم سے متعلق متعدد اہل اخراجات کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ 529 اکاؤنٹ کو بھی کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ کہا جاتا ہے، مگر اس اکاؤنٹ کا استعمال امریکہ میں اور بیرون ملک کسی بھی اہل ادارے میں اہل اعلیٰ تعلیمی اخراجات کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ اہلیت رکھنے والے اداروں میں روایتی 4 سالہ کالجز اور یونیورسٹیز کے علاوہ کمیونٹی کالجز، تجارتی اور پیشہ ورانہ اسکولز، مجاز اپرنٹس شپ پروگرامز اور آن لائن ڈگری پروگرامز شامل ہیں۔ اسکالرشپ فنڈز کا استعمال ٹیوشن، فیس، ساز و سامان، کچھ قیام و طعام کے اخراجات اور حتی کہ درسی کتابوں کے لیے کیا جا سکتا ہے جن کا اکثر دیگر اسکالرشپس کے تحت احاطہ نہیں ہوتا ہے۔ اہل قرار پانے والے اعلی تعلیمی اخراجات کی ایک مکمل فہرست کے لیے nysaves.org ملاحظہ کریں۔

اگر پروگرام میں شامل کوئی طالب علم کنڈرگارٹن مکمل کرنے کے بعد 20 سالوں کے اندر NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے فنڈز کا دعوی نہیں کرتا، تو وہ فنڈز واپس NYC Kids RISE کو چلے جائیں گے جن کا استعمال وہ مستقبل میں کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کے طلباء کے لیے کرے گی۔

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کا استعمال کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 12 تک کے کسی اخراجات کے لیے نہیں کیا جا سکتا، بشمول ان کے جو وفاقی قانون کے تحت اہل قرار پاتے ہیں۔

## 17. اگر ہم اپنے بچے کے ہائی سکول سے سند یافتہ ہونے سے پہلے ہی موجودہ اسکول ڈسٹرکٹ چھوڑ دیں تو میرے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کا کیا ہو گا؟

ایک بار جب آپ کے بچے کو NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ مل جاتا ہے، تو وہ اس اکاؤنٹ تک رسائی جاری رکھتا ہے، چاہے وہ نیویارک شہر کے کسی اور پبلک اسکول ڈسٹرکٹ یا شریک چارٹر اسکول میں منتقل بھی ہو جائے۔ آپ کا بچہ بھی کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں شرکت کے ساتھ ملنے والے تمام فوائد کا بدستور اہل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ NYC پبلک اسکول سسٹم چھوڑ دیتا ہے تو آپ کا بچہ اب بھی اپنے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں پہلے سے موجود فنڈ استعمال کر پائے گا، لیکن وہ کوئی اضافی انعامات کمانے کا اہل نہیں ہو گا۔

## 18. میں اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کا بیلنس کیسے دیکھ سکتا ہوں؟

آپ NYC Kids RISE بچت ٹریکر (Savings Tracker) پر جا کر اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو آن لائن دیکھ سکتے ہیں nyckr.org/register-faq پر۔ اسکالرشپ اکاؤنٹ کا بیلنس دیکھنے کے لیے مرحلہ وار ہدایات پر عمل کریں۔

## 19. "طالب علم کا ID نمبر" کیا ہے اور مجھے اسے بچت ٹریکر (Savings Tracker) پر رجسٹر کرنے کی کیوں ضرورت ہے؟

طالب علم کا ID نمبر (Student ID Number) ایک شناختی نمبر ہے جو نیو یارک شہر پبلک اسکولز ہر طالب علم کو فراہم کرتے ہیں۔ بچت ٹریکر آپ کے بچے کی شناخت کی تصدیق کرنے اور آپ کے بچے کی معلومات کی رازداری کو محفوظ رکھنے کے لیے طالب علم کا ID نمبر طلب کرتا ہے۔ آپ اپنے بچے کا اسٹوڈنٹ ID نمبر اس کے رپورٹ کارڈ پر، mystudent.nyc پر اپنے NYC اسکولز اکاؤنٹ میں لاگ ان کر کے یا اپنے بچے کے اسکول سے معلوم کر سکتے ہیں۔ نوٹ کریں کہ NYC Kids RISE کو کبھی بھی اس طالب علم کے ID نمبر تک رسائی نہیں ہو گی۔

## 20. چھوٹی بچتیں میرے بچے کو کالج اور کیریئر کے مقاصد حاصل کرنے میں کیسے مدد دے سکتی ہیں؟

ایسے بچے جن کے پاس کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ (college savings account) ہو اور اعلیٰ تعلیم کا منصوبہ ہو، ان کے کالج میں داخلہ لینے اور گریجویٹ ہونے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ ایسے بچے جن کے پاس کوئی

بھی کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ ہو، جس میں صرف $1 سے $500 تک رقم ہو، ان کے کالج میں اندراج کرانے کا امکان تین گنا زیادہ ہوتا ہے اور ان کے کالج کی تعلیم مکمل کر کے سند حاصل کرنے کا امکان چار گنا سے زیادہ ہوتا ہے۔ امید ہے کہ شریک طلباء کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts) وقت کے ساتھ ساتھ اضافی انعامات اور کمیونٹی اسکالرشپس (Community Scholarships) کے ذریعے بڑھیں گے (سرمایہ کاری میں ممکنہ فائدہ یا نقصان کے مطابق)، جس سے ہر بچے کے لیے کالج اور کیریئر کی تربیت مزید قابل رسائی ہو جائے گی۔

## 21. میں اپنے بچے کے لیے مزید اسکالرشپ کی رقم کیسے کما سکتا ہوں؟

NYC Kids RISE فیملیز کو ان کے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کے لیے اضافی انعامات کمانے کے مواقع فراہم کرے گا۔ پہلے تین انعامات "3 بلڈنگ بلاکس" مکمل کرنے کے لیے ہیں۔ یہ تین اقدامات ہماری طویل مدتی شراکت کی بنیاد رکھتے ہیں تاکہ ہم مل کر آپ کے بچے کے مستقبل کے لیے بچت کریں۔ آپ کے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں ابتدائی $100 کے علاوہ، NYC Kids RISE آپ کے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے لیے ہر بلڈنگ بلاکس مکمل کرنے پر $25 کا انعام دے گا۔

**بلڈنگ بلاک 1**

1

اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ آن لائن فعال کریں اور دیکھیں nyckr.org/register-faq۔

**بلڈنگ بلاک 2**

2

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے ساتھ ساتھ بچت کرنے کے لیے اپنا ذاتی کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ کھولیں اور مربوط کریں، جو آپ کے بچے کے فائدے کے لیے آپ کی ملکیت میں ہو۔ اپنے بچے کے اسکالرشپ اکاؤنٹ سے مربوط کرنے کے لیے دو اختیارات میں سے ایک کو منتخب کریں۔ مزید جانیں: nyckr.org/options-faq۔

**بلڈنگ بلاک 3**

3

اپنے کالج اور کیریئر کی بچت کے مربوط اکاؤنٹ میں کم از کم $5 جمع کریں۔

پہلے گریڈ کے پہلے دن سے، وہ خاندان جنہوں نے تینوں بلڈنگ بلاکس مکمل کر لیے ہوں، **بچت میچ** (Savings Match) انعام کے اہل ہوں گے۔ آپ اپنے مربوط کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں جو رقم ڈیپازٹ کرتے ہیں، زیادہ سے زیادہ $100 تک، اس کو NYC Kids RISE ڈالر بہ ڈالر میچ کرے گا۔

بلڈنگ بلاکس ($75 کا مجموعی انعام) اور بچت میچ ($100) انعام پانچویں گریڈ تک دستیاب ہیں، ماسوائے ان طلباء کے جو جغرافیائی ڈسٹرکٹ 30 کے 39 پائلٹ اسکولز میں داخلے کے وقت پانچویں گریڈ یا اس سے زیادہ کے طالب علم تھے۔ یہ طلباء آٹھویں گریڈ کے آخری دن تک 3 بلڈنگ بلاکس مکمل کرنے اور بچت میچ کے انعامات کما سکتے ہیں۔ اس وقت، تعلیمی سال 2021-2022 میں کنڈرگارٹن، تعلیمی سال 2022-2023 میں پہلا گریڈ، تعلیمی سال 2023-2024 میں دوسرا گریڈ، تعلیمی سال 2024-2025 میں تیسرا گریڈ یا تعلیمی سال 2025-2026 میں چوتھا گریڈ شروع کرنے والے طلباء صرف پانچویں گریڈ کے اختتام تک انعامات وصول کرنے کے لیے اہل ہیں۔

اضافی انعامات کا مستقبل میں شریک خاندانوں کے لیے اعلان کیا جائے گا۔

آپ کے بچے کو NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ موصول ہو جانے پر، اسے اس اکاؤنٹ تک مسلسل رسائی حاصل ہوتی ہے چاہے وہ نیو یارک سٹی میں کسی دیگر پبلک ڈسٹرکٹ یا شریک چارٹر اسکول میں بھی منتقل ہو جائے۔ آپ کا بچہ بھی شرکت کے ساتھ ملنے والے تمام فوائد کا بدستور اہل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ NYC پبلک اسکول سسٹم چھوڑ دیتا ہے تو آپ کا بچہ اب بھی اپنے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں پہلے سے موجود فنڈ استعمال کر پائے گا، لیکن وہ کوئی اضافی انعامات کمانے کا اہل نہیں ہو گا۔

## 22. کمیونٹی اسکالرشپس کیا ہیں؟ یہ کیسے کام کرتے ہیں؟

کمیونٹی اسکالرشپس (Community Scholarships) مقامی تنظیموں، کاروباروں، پڑوسیوں اور دیگر نظاموں کے لیے مواقع ہیں کہ وہ ہر بچے کے مستقبل میں مزید سرمایہ کاری کریں اور انہیں دکھائیں کہ ان کی کمیونٹی ان کی کامیابی کی حمایت کر رہی ہے۔ کمیونٹی اسکالرشپس وہ مالی تعاون ہیں جو کمیونٹی ممبرز NYC Kids RISE کو عطیات کے ذریعے طلباء کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts) میں دیتے ہیں۔ عطیات کا 100% حصہ براہ راست طلباء کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts) کے ایک گروپ میں برابر تقسیم کیا جاتا ہے۔

کمیونٹی اسکالرشپس فیملیز کو درج ذیل کی ترغیب دیتے ہیں:

- **عمل کریں اور بحث کریں:** یہ خاندانوں کو اپنے بحوں کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts) کو فعال کرنے، اکاؤنٹ میں رقم دیکھنے اور مزید انعامات حاصل کرنے کے لیے اضافی اقدامات کرنے کے لیے مزید وجوہات فراہم کرتی ہے۔
- **دولت اور اثاثے بنائیں:** یہ انفرادی طلبہ کو کالج اور پیشہ ورانہ تربیت کے لیے ٹھوس مالی اثاثے فراہم کرتی ہیں، جبکہ کمیونٹیز میں دولت پیدا کرتی ہیں اور نسلی دولت کے فرق کو کم کرتی ہے۔
- **معاشرہ بھر میں نوجوان نسلوں کی حمایت کا مظاہرہ کریں:** کمیونٹی اسکالرشپس بحوں کو بتاتی ہیں کہ ان کی کمیونٹی ان کے کالج اور کیریئر کے خوابوں پر کیسے یقین رکھتی ہے! کمیونٹی اسکالرشپس کے ذریعے، کمیونٹیاں تمام بحوں کے لیے کامیابی کی توقعات کو مضبوط بناتی ہیں اور خاندانوں کو دکھاتی ہیں کہ وہ مستقبل کے لیے بحث کرنے میں اکیلے نہیں ہیں۔
- **سماجی تعلقات کے ذریعے کمیونٹیز کو مضبوط بنائیں:** کمیونٹی اسکالرشپس اسکولوں، خاندانوں اور کمیونٹی کے ان اداروں اور نظاموں کو جوڑتی ہیں جو ایک بچے کی زندگی میں اہم ہیں۔ ان تعلقات کو مضبوط بنا کر، ہم مضبوط کمیونٹیز تخلیق کرتے ہیں۔

مزید جاننے کے لیے کالج کے لیے بچت پروگرام کے بریفز (Save for College Program Briefs) کو nyckr.org/d30brief-faq پر ملاحظہ کریں اور ماضی کی کمیونٹی اسکالرشپس کی مثالیں دیکھنے کے لیے nyckr.org/CSinfo-faq پر جائیں۔

## 23. کیا میں اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) میں اپنی رقم جمع کر سکتا ہوں؟

نہیں، فیملیز NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس میں انفرادی طور پر رقم جمع نہیں کرا سکتیں۔ NYC Kids RISE خاندانوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ اپنے کالج اور کیریئر سیونگز اکاؤنٹ کو پلیٹ فارم کے ذریعے کھولیں، انہیں مربوط کریں اور اس میں جمع کرانا شروع کریں۔ کمیونٹی کے افراد، بشمول تنظیمیں اور کاروبار، NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کے لیے NYC Kids RISE کو عطیہ دے سکتے ہیں۔

## 24. اکاؤنٹ 529 (Account 529) کیا ہے؟

529 اکاؤنٹ خاص طور پر فیملیز کی اعلیٰ تعلیم کے لیے بچت کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ 529 اکاؤنٹ میں موجود پیسہ وقت کے ساتھ بڑھ سکتا ہے اور اس کے ساتھ ٹیکس کے فوائد ہوتے ہیں، جس میں ٹیکس فری کمائیاں اور امکانی ریاستی انکم ٹیکس والی کٹوتیاں شامل ہیں۔ تاہم، 529 اکاؤنٹ میں موجود پیسہ بڑھنے کی ضمانت نہیں ہے اور اس کی مالیت گھٹ سکتی ہے۔ *NY 529 Direct Plan* ایک 529 کالج سیونگز پلان ہے جو نیویارک اسٹیٹ کے کمپٹرولر آفس اور نیویارک ہائر ایجوکیشن سروسز کارپوریشن کے ذریعے چلایا جاتا ہے۔

## 25. اسکالرشپ اکاؤنٹ کے فنڈز کی سرمایہ کاری کے بارے میں کون فیصلہ کرتا ہے؟

NYC Kids RISE NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts) کا مالک اور منتظم ہے اور فنڈز کی سرمایہ کاری کے بارے میں فیصلے کرتا ہے۔ NY 529 *Direct Plan* اور اس کی سرمایہ کاری کے اختیارات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، nysaves.org ملاحظہ کریں یا 877-NYSAVES (877-697-2837) پر کال کریں۔

## 26. کیا یہ اسکالرشپ میرے بچے کو مستقبل میں دیگر اسکالرشپس حاصل کرنے سے روک دے گی؟

ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) رکھنے اور NYC Kids RISE کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کے ذریعے ایک کمیونٹی اسکالرشپ (اسکالرشپس) وصول کرنے سے آپ کے بچے کو مستقبل میں دیگر پروگراموں اور تنظیموں کے ذریعے دیگر اقسام کی اسکالرشپس سے محروم نہیں ہونا چاہیے، البتہ اس کا انحصار ان دیگر اسکالرشپس کی شرائط پر ہو سکتا ہے۔ براہ کرم ان اسکالرشپس کی شرائط کا جائزہ لیں۔

## 27. کالج کے لیے بچت پروگرام Excelsior (Save for College Program) اسکالرشپ، نیویارک اسٹیٹ کے فیس فری ڈگری پروگرام سے کیسے متعلق ہے؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts) میں موجود رقم کا استعمال صرف ٹیوشن فیس تک محدود نہیں ہے۔ اگر کسی طالب علم کو Excelsior اسکالرشپ کے ذریعے CUNY یا SUNY کالج میں مفت ٹیوشن کے لیے اہل قرار دیا جاتا ہے، تو وہ اپنے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ سے کالج کے دیگر کئی اخراجات کے لیے فنڈز استعمال کر سکتا ہے۔ ان اخراجات میں کتب، سامان، کمپیوٹرز اور کچھ رہائش و خوراک کے اخراجات شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کا استعمال زیادہ تر دو سالہ اور چار سالہ کالجز اور کیریئر ٹریننگ پروگرامز میں امریکہ بھر میں کیا جا سکتا ہے اور کچھ دیگر ممالک میں بھی۔

## 28. میرے بچے کو کالج جانے پر یہ رقم کیسے دستیاب ہو گی؟

NYC Kids RISE ہائی اسکول کے دوران طلباء اور ان کے والدین/سرپرستوں کو یہ معلومات فراہم کرے گا کہ وہ اپنے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts) تک کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

## 29. کیا میرے بچے کے لیے اسکالرشپ اکاؤنٹ کے فنڈز استعمال کرنے کی کوئی آخری تاریخ ہے؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) میں موجود رقم استعمال کرنے کی آخری تاریخ طالب علم کے کنڈرگارٹن مکمل کرنے کے 20 سال بعد تک ہے۔ مثال کے طور پر، جو طلباء جون 2025 میں کنڈرگارٹن مکمل کریں گے، وہ 30 جون 2045 تک اہل کالج یا کیریئر ٹریننگ کے اخراجات کے لیے اپنے اسکالرشپ فنڈز کے لیے درخواست دے سکیں گے اور انہیں استعمال کر سکیں گے۔ اگر اس آخری تاریخ کے بعد کوئی غیر دعوی شدہ فنڈز باقی رہ جائیں، تو یہ فنڈز NYC Kids RISE کو واپس کر دیے جائیں گے تاکہ مستقبل میں کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کی معاونت کی جا سکے۔

## 30. اگر میرا بچہ اپنے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کی رقم استعمال نہ کرے تو کیا اسے کسی دوسرے بچے کو منتقل کیا جا سکتا ہے؟

نہیں، NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ خاص طور پر آپ کے بچے کی ہائی اسکول کے بعد کی تعلیم کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کسی دوسرے بچے کو منتقل نہیں کی جا سکتی۔

## 31. NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کی ملکیت عوامی منفعتوں کے لیے کس طرح اہلیت کو متاثر کرتی ہے؟

چونکہ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس NYC Kids RISE کی زیر ملکیت اور اس کے زیر انتظام ہے، اسکالرشپ اکاؤنٹ کا مالک ہونے کا اثر کسی طالب علم کی یا فیملی کی عوامی منفعتوں کی درخواست پر **نہیں ہوتا ہے**۔ اگر کوئی خاندان اپنے خود کے کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں رقم کی بچت کرتا ہے تو یہ اثاثہ مخصوص فوائد کو متاثر کر سکتا ہے۔ اس بارے میں مزید معلومات کے لیے کہ اپنے کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں حصہ ڈالنا آپ کے فوائد پر کیسے اثر ڈال سکتا ہے، nyckr.org/infomaterials-faq پر جائیں اور "کالج کے لیے بچت پروگرام اور عوامی فوائد" (The Save for College Program and Public Benefits) نامی معلوماتی پرچہ ڈاؤن لوڈ کریں۔

## 32. اگر میں نیویارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (NYCHA) کی ہاؤسنگ میں رہتا ہوں تو NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کا ہونا میرے کرایہ پر کیسے اثر ڈالتا ہے؟

چونکہ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس NYC Kids RISE کی ملکیت اور انتظام میں ہیں، اس لیے اسکالرشپ اکاؤنٹ کا ہونا طالب علم یا خاندان کی NYCHA ہاؤسنگ یا نیویارک سٹی ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ کے ذریعے ہاؤسنگ سپورٹ کے لیے درخواست یا کرایہ پر اثر نہیں ڈالتا۔ اگر کوئی فیملی اپنے کالج اور کیریئر سیونگز اکاؤنٹ میں رقم بچاتی ہے، تو یہ اثاثہ درخواست کے عمل میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ اس بارے میں مزید معلومات کے لیے کہ ایک بچت اکاؤنٹ آپ کے عوامی فوائد پر کیسے اثر ڈال سکتا ہے، nyckr.org/infomaterials-faq پر جائیں اور "کالج کے لیے بچت پروگرام اور عوامی فوائد" (The Save for College Program and Public Benefits) نامی معلوماتی پرچے کا جائزہ لیں۔

## 33. کس طرح NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کی ملکیت مالی امداد کے لیے اہلیت کو متاثر کرتی ہے؟

چونکہ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ NYC Kids RISE کی زیر ملکیت اور اس کے زیر انتظام ہیں، لہٰذا اسکالرشپ اکاؤنٹ موجود ہونے سے اور اکاؤنٹ میں رقم موجود ہونے کے دوران مالی امداد کے لیے طالب علم کی اہلیت پر اثر **نہیں** پڑتا۔ جیسے ہی آپ کا بچہ کالج اور کیریئر کی تربیت سے قریب تر ہو گا، NYC Kids RISE اس بارے میں مزید معلومات فراہم کرے گی کہ آپ کے بچے کی تعلیم کے لیے اسکالرشپ اکاؤنٹ کا استعمال کرنا رقم خرچ ہو جانے کے بعد مالی امداد کے لیے ان کی اہلیت کو کس طرح متاثر کر سکتا ہے۔ اس کا کوئی اثر ہو بھی سکتا ہے اور نہیں بھی۔

اگر کوئی فیملی اپنے خود کے کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ میں رقم کی بچت کرتی ہے تو یہ بچتیں طالب علم کی مالی امداد کے پیکج کو متاثر کر سکتی ہیں۔ اس بارے میں مزید معلومات کے لیے کہ کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں حصہ ڈالنا مالی امداد کے موجودہ قواعد کے تحت مالی امداد کے لیے آپ کے طالبعلم کی اہلیت پر کیسے اثر ڈال سکتا ہے، nyckr.org/infomaterials-faq پر جائیں اور مزید معلومات کے لیے "کالج کے لیے بچت پروگرام اور آئندہ مالی امداد پر اثر" (The Save for College Program and Impact on Future Financial Aid) نامی معلوماتی پرچہ ڈاؤن لوڈ کریں۔ براہ کرم نوٹ کر لیں کہ مالی امداد کے لیے یہ ضابطہ اکثر وقت کے ساتھ بدلتا رہتا ہے۔

## 34. کیا اسکالرشپ فنڈز کو کسی خاص تعلیمی پروگرام کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts)، NY 529 *Direct Plan* کے قواعد کے مطابق، خاص ضروریات والے طلباء کے لیے خدمات کے کچھ اخراجات کو پورا کرنے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں جو اہل تعلیمی اداروں میں داخلے اور شرکت کے سلسلے میں ہوں۔ کچھ اہل تعلیمی اداروں میں خاص ضروریات والے طلباء کے لیے پروگرام اور سپورٹ دستیاب ہیں۔ یہ جانچنے کے لیے کہ آیا کوئی خاص اسکول یا پروگرام اہل ہے، studentaid.gov/understand-aid/eligibility/requirements/intellectual-disabilities پر جائیں۔

*NY 529* Direct Plan کے تحت اہل اخراجات کی اقسام کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، NY 529 سے 877-NYSAVES (877-697-2837) پر رابطہ کریں یا nysaves.org پر جائیں۔

## 35. اگر میرا بچہ کالج نہیں جاتا ہے تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

اگر کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں موجود ایک بچہ کالج یا یونیورسٹی میں نہیں پڑھتا، تو ان کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) میں موجود رقم کو پھر بھی ٹریڈ اور ووکیشنل اسکولز، شاگردی کے اہل پروگراموں اور آن لائن ڈگری کے پروگراموں کی فیسوں اور اہل اخراجات کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر پروگرام میں شامل کوئی طالب علم کنڈرگارٹن مکمل کرنے کے بعد 20 سالوں کے اندر NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے فنڈز کا دعوی نہیں کرتا ہے تو وہ فنڈز واپس NYC Kids RISE کو چلے جائیں گے جن کا استعمال وہ مستقبل میں کالج کے لیے بچت پروگرام کے طلبہ کے لیے کرے گی۔

**آپ کا اپنا کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ**

## 36. کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کے ذریعے بچت کے کیا آپشنز ہیں؟

کالج اور کیریئر ٹریننگ کے لیے بچت کے بہت سے طریقے ہیں۔ کالج کے لیے بچت پروگرام دو کالج اور کیریئر سیونگز اکاؤنٹس کی آپشنز فراہم کرتا ہے جو آپ کھول سکتے ہیں اور اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) سے مربوط کر سکتے ہیں:

1. NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ (ایک قسم کا سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہوتا ہے جو خاص طور پر خاندانوں کو کالج اور کیریئر ٹریننگ کے لیے بچت میں مدد کے لیے بنایا گیا ہے)؛ اور
2. Amalgamated Bank سے ایک روایتی سیونگز اکاؤنٹ، جسے Amalgamated کالج کے لیے بچت بینک اکاؤنٹ کہا جاتا ہے۔

ان آپشنز کے علاوہ بچت کے دوسرے طریقے بھی موجود ہیں۔ آپ دوسرے متبادل تلاش کرنے کی خواہش کر سکتے ہیں تاکہ یہ دیکھ سکیں کہ آیا وہ آپ کی مخصوص ضروریات یا حالات کے لیے بہتر ہیں۔ تاہم، کالج اور کیریئر سیونگز اکاؤنٹس کے لیے کالج کے لیے بچت پروگرام کے ذریعے فراہم کردہ خاص خصوصیات اور فوائد صرف ان آپشنز کے لیے دستیاب ہیں جو پروگرام کے ذریعے فراہم کیے جاتے ہیں۔ NYC Kids RISE سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا ہے یا کسی مخصوص قسم کے کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ کی تجویز پیش نہیں کرتا ہے۔

ان آپشنز اور اکاؤنٹ کھولنے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، [nyckr.org/options-faq](nyckr.org/options-faq) پر جائیں، NYC Kids RISE سے [833-543-747](833-543-747) پر کال کریں یا [info@nyckidsrise.org](mailto:info@nyckidsrise.org) پر ای میل کر کے رابطہ کریں یا [nyckr.org/events-faq](nyckr.org/events-faq) پر جا کر کالج کے لیے بچت پروگرام کی ایک ورچوئل ورکشاپ میں شرکت کریں۔

## 37. 529 اکاؤنٹ اور بینک اکاؤنٹ میں کیا فرق ہے؟

بینک اکاؤنٹس اور 529 اکاؤنٹس دونوں کالج اور کیریئر کی تربیت کے لیے پیسہ بچانے کے آپشنز ہیں۔ تاہم، 529 اکاؤنٹس مالیاتی مارکیٹوں میں سرمایہ کاری کرتے ہیں، جن کے ساتھ زیادہ خطرات اور زیادہ انعامات کا امکان ہوتا ہے۔ دوسری طرف، ایک روایتی بینک میں بچت اکاؤنٹ اکثر فیڈرل ڈیپازٹ انشورنس کارپوریشن (Federal Deposit Insurance Corporation) کی طرف سے $250,000 تک انشورڈ ہوتا ہے۔[2] 529 اکاؤنٹ میں شراکت کرنے، بشمول NY 529 *Direct Plan*، میں کچھ ٹیکس فوائد بھی شامل ہوتے ہیں، جو زیادہ تر بینک اکاؤنٹس میں نہیں ملتے۔

529 اکاؤنٹس خاص طور پر فیملیز کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں تاکہ وہ اپنے بچے کی ہائی اسکول کے بعد کی تعلیم کے لیے پیسہ بچا سکیں۔

اگر 529 اکاؤنٹ سے رقم نکالی جائے اور وہ کسی غیر تعلیمی خرچ کے لیے استعمال ہو، تو نکالی جانے والی رقم کے منافع (earnings) پر عام آمدنی (ordinary income) کے طور پر ٹیکس عائد ہو سکتا ہے اور خاندانوں کو اس منافع پر 10% ٹیکس جرمانہ (tax penalty) بھی ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ، یہ نکالی جانے والی رقم ریاستی اور مقامی ٹیکس (state and local taxes) کے تابع بھی ہو سکتی ہے۔

## 38. اگر میرے پاس پہلے ہی اپنے بچے کے لیے 529 اکاؤنٹ موجود ہو، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کے پاس پہلے ہی NY 529 *Direct Plan* میں اپنے بچے کو مستفید (beneficiary) کے طور پر شامل کر کے 529 اکاؤنٹ موجود ہے، تو آپ کے پاس اس اکاؤنٹ کو اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) سے مربوط کرنے اور ایک جگہ دونوں اکاؤنٹس کا بیلنس دیکھنے کا موقع ہو گا۔ اکاؤنٹس کو مربوط کرنے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، [nyckr.org/infomaterials-faq](nyckr.org/infomaterials-faq) پر جائیں اور "ایک 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ کیسے کھولیں (How to Open a 529 *Direct Plan* Account)" نامی معلوماتی پرچے کا جائزہ لیں۔

اگر آپ کے پاس دوسری کسی ریاست کے 529 منصوبے (plan 529) میں اکاؤنٹ موجود ہے، تو آپ اس اکاؤنٹ کا استعمال جاری رکھ سکتے ہیں، لیکن یہ کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کی فراہم کردہ مخصوص خصوصیات اور فوائد کے لیے اہل نہیں ہو گا۔

NYC Kids RISE کالج کے لیے بچت پروگرام کسی سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا اور اس دستاویز میں کسی بھی سرمایہ کاری کی مناسبت (suitability) کے بارے میں کوئی سفارش نہیں کی جا رہی۔

## 39. اگر طالب علم اپنے NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ سے تعلیمی اخراجات ادا کرنے کے لیے رقم نہیں نکال پاتا تو کیا ہو گا؟

اگر 529 منصوبے سے رقم نکالی جائے اور وہ تعلیمی اخراجات کے لیے استعمال نہ ہو، تو منافع پر وفاقی اور متعلقہ ریاستی اور مقامی ٹیکس عائد ہوں گے اور 10% وفاقی جرمانہ بھی ہو سکتا ہے۔ تاہم، اگر نکالنے کی وجہ معذوری ہو، تو منافع پر وفاقی اور متعلقہ ریاستی اور مقامی ٹیکس عائد ہوں گے، لیکن 10% وفاقی جرمانہ نہیں ہو گا۔

---

[2] *معیاری ڈیپازٹ کے بیمہ کوریج کی حد $250,000 فی ڈیپازٹر، فی FDIC بیمہ شدہ بینک، فی ملکیت کا زمرہ ہے۔ ملکیت کے مختلف زمروں میں رکھی گئی ڈیپازٹس علیحدہ طور پر، کم از کم $250,000 تک بیمہ شدہ ہیں، چاہے اسے اسی بینک میں رکھا گیا ہو۔*

## 40. اگر بچت کے لیے میری دیگر ترجیحات یا قرض ہیں تو میں کالج اور کیریئر کی بچت کے بارے میں کیسے سوچوں؟

ہر شخص کی مالی حالت مختلف ہوتی ہے۔ بالمشافہ مدد کے لیے، آپ کسی سرمایہ کاری کے پیشہ ور سے مشورہ لے سکتے ہیں، یا NYC مالیاتی خودمختاری کے مراکز (Financial Empowerment Centers) پر مفت مالی مشاورت کے لیے جائیں۔ شہر کے مالیاتی خودمختاری کے مراکز میں، آپ ایک پیشہ ور مالی مشیر سے مل سکتے ہیں جو آپ کو بجٹ بنانے میں مدد دے سکتا ہے اور مستقبل کے لیے بچت اور منصوبہ بندی کر سکتا ہے، بشمول اعلیٰ تعلیم۔ مشیر آپ کو قرض سے نمٹنے، اپنے کریڈٹ کو بہتر بنانے، بینک اکاؤنٹ کھولنے اور دیگر چیزوں میں مدد دے سکتے ہیں۔ کسی مرکز میں ملاقات کے لیے اپائنٹمنٹ شیڈول کرنے کے لیے، nyc.gov/talkmoney پر جائیں۔

## 41. کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کون سی مالی تعلیم کی مواقع فراہم کرتا ہے؟

NYC Kids RISE اپنی فیملیز کو اپنے کالج اور کیریئر کی بچت کے منصوبے تیار کرنے کے لیے ٹُولز اور معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس میں ورکشاپس اور ایونٹس شامل ہیں جو آپ کے بچے کے اسکول میں منعقد کیے جاتے ہیں، جہاں آپ کالج اور کیریئر کی بچت کے آپشنز اور آپ کے لیے دستیاب مالی خودمختاری کے وسائل (financial empowerment resources) کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔ کالج کے لیے بچت پروگرام کی ورچوئل ورکشاپس کے آنے والے کیلنڈر کے لیے، nyckr.org/events-faq پر جائیں۔

NYC Kids RISE نے نیو یارک شہر پبلک اسکولز کے ساتھ مل کر، شریک طلباء کے لیے مالی تعلیم کے دلچسپ اور انٹرایکٹو نصاب تیار کیا ہے۔

NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام کے نصاب کے لیے توسیعی گائیڈز ایک دلچسپ اور انٹرایکٹو طریقہ ہے جس سے تمام شریک جماعتوں کو مالی تعلیم فراہم کرنے کے لیے تصورات کی معاونت مل سکتی ہے۔ اس میں شہر بھر میں K-3 کلاس رومز اور اسکول ڈسٹرکٹ 30 میں K-5 کلاس رومز میں شامل کرنے کے لیے نصاب کی توسیعات شامل ہیں۔ ان توسیعات کا مقصد اسکولوں اور اساتذہ کو پیسہ، بچت اور ان کے کالج اور کیریئر کے مستقبل سے متعلق اسباق شامل کرنے کے لیے وسائل فراہم کرنا ہے۔

ان اسباق کا مواد FDIC کے منی اسمارٹ پروگرام (FDIC Money Smart Program) سے موافق ہے اور یہ معیارات اور نصاب کے مطابق ہے۔ چونکہ یہ نصاب گائیڈ ہے، اسباق کو ضرورت کے مطابق ترمیم کیا جا سکتا ہے۔ یہ نصاب خود مختار نہیں ہے بلکہ اسے دیگر مواد میں ضم کیا جا سکتا ہے تاکہ طلباء کو مالی لحاظ سے ایک خودمختار بالغ فرد بنانے کے لیے ایک بنیاد فراہم کی جا سکے۔

نصاب کی توسیعات کے بارے میں سوالات کے لیے، savingtogether@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

## 42. میں کالج اور کیریئر کی بچت کا اکاؤنٹ کیسے کھولوں؟

ہدایات اور معاونت کے لیے nyckr.org/options-faq ملاحظہ کریں یا nyckr.org/events-faq پر کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کی ایک ورچوئل ورکشاپ میں شرکت کریں۔ آپ NYC Kids RISE ہاٹ لائن: 833-543-7473 پر بھی کال کر سکتے ہیں یا ای میل کے ذریعے رابطہ کریں: info@nyckidsrise.org ۔

## 43. میں کیسے معلوم کروں کہ کون سا کالج اور کیریئر کی بچت کا آپشن میرے لیے بہترین ہے؟

کالج یا کیریئر کی تربیت کے لیے بچت کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ اپنے آپشنز کا موازنہ کرنے کے لیے ٹولز اور معلومات کے لیے nyckr.org/options-faq پر جائیں یا nyckr.org/events-faq پر جا کر کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کی ورچوئل ورکشاپ میں شرکت کریں۔ NY 529 *Direct Plan* کے بارے میں تفصیلی معلومات کے لیے، nysaves.org پر جائیں یا 877-NYSAVES (877-697-2834) پر کال کریں۔

Amalgamated کالج کے لیے بینک بچت اکاؤنٹس کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، Amalgamated بینک کی کسی برانچ پر جائیں یا amalgamatedbank.com/find-a-branch-or-atm پر جا کر مزید معلومات حاصل کریں یا: 800-662-0860 پرکال کریں

اکثر دوسری ریاستوں کے پاس بھی اپنے 529 بچت منصوبے موجود ہوتے ہیں اور آپ کی بچتوں کے لیے دیگر بینک بھی دستیاب ہیں۔ یہ تمام آپ کو کالج اور کیریئر کی بچت کے مقاصد حاصل کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ تاہم، یہ دیگر آپشنز کالج کے لیے بچت پروگرام سے مربوط نہیں ہوتے۔ NYC Kids RISE ہر فیملی کو کالج اور کیریئر کی بچت کے مختلف آپشنز کو دریافت کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور سرمایہ کاری کے مشورے فراہم نہیں کرتا۔ آپ کو اپنے حالات کے مطابق بچت یا سرمایہ کاری سے پہلے غور کرنا چاہیے اور آپ کسی سرمایہ کاری کے پیشہ ور سے مشورہ بھی لے سکتے ہیں۔

## 44. کیا مجھے پروگرام میں داخل ہونے کے لیے اپنا کالج اور کیریئر کی بچت کا اکاؤنٹ کھولنا ضروری ہے؟

نہیں، آپ کو اپنا کالج اور کیریئر سیونگ اکاؤنٹ کھولنے یا اپنے بچے کے لیے کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں شامل ہونے اور اپنے بچے کے لیے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) رکھنے کے لیے کوئی رقم جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، NYC Kids RISE ہر خاندان کو اپنے آپشنز کا جائزہ لینے اور اپنے بچے کے لیے اپنا کالج اور کیریئر سیونگ اکاؤنٹ کھولنے کی ترغیب دیتا ہے۔ معاونت کے لیے، NYC Kids RISE سے رابطہ کرنے کے لیے 833-543-747 پر کال کریں، info@nyckidsrise.org پر ای میل بھیجیں یا nyckr.org/events-faq پر جا کر کالج کے لیے بچت پروگرام کی ایک ورچوئل ورکشاپ میں شرکت کریں۔

بچت میچ

## 45. بچت میچ (Savings Match) کیسے کام کرتا ہے؟

پہلے گریڈ کے پہلے دن سے، وہ خاندان جنہوں نے تینوں بلڈنگ بلاکس مکمل کر لیے ہوں، بچت میچ (Savings Match) کے ایک مرتبہ کے انعام کے اہل ہوں گے۔ آپ اپنے مربوط کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں جو رقم ڈیپازٹ کرتے ہیں، زیادہ سے زیادہ 100$ تک، اس کو NYC Kids RISE ڈالر بہ ڈالر میچ کرے گا۔

جب تک آپ نے اپنے بچے کے بچت اکاؤنٹ کو NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) (بلڈنگ بلاک 2) سے مربوط کیا ہوا ہے، NYC Kids RISE آپ کی فیملی کی جمع کی گئی رقم کو ٹریک کرے گا اور خود بخود میچ کرے گا۔

بلڈنگ بلاک اور بچت میچ انعامات، دونوں پانچویں گریڈ تک دستیاب ہیں، ماسوائے ان بچوں کے جو جغرافیائی ضلع 30 کے 39 پائلٹ اسکولوں میں اندراج کے دوران پانچویں یا اس سے بڑی جماعت کے دوران پروگرام میں شامل ہوئے تھے۔ یہ طلباء آٹھویں گریڈ کے آخری دن تک 3 بلڈنگ بلاکس مکمل کرنے اور بچت میچ کے انعامات کما سکتے ہیں۔ اس وقت، تعلیمی سال 2021-2022 میں کنڈرگارٹن، تعلیمی سال 2022-2023 میں پہلا گریڈ، تعلیمی سال 2023-2024 میں دوسرا گریڈ، تعلیمی سال 2024-2025 میں تیسرا گریڈ یا تعلیمی سال 2025-2026 میں چوتھا گریڈ شروع کرنے والے طلباء پر اس کا اطلاق نہیں ہوتا، جو صرف پانچویں گریڈ کے اختتام تک انعامات وصول کرنے کے لیے اہل ہیں۔

## 46. میں کیسے جانوں گا کہ میرے بچے کے اکاؤنٹ میں بچت میچ کی رقم موصول ہوئی ہے؟

اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) میں NYC Kids RISE کی طرف سے جمع کی گئی رقم دیکھنے کے لیے، بچت ٹریکر میں دوبارہ لاگ ان کریں، جس کے لیے nyckr.org/login-faq پر جائیں اور "اپنا کالج اور کیریئر بچت اکاؤنٹ" کے سیکشن تک نیچے اسکرول کریں۔ "اسکالرشپ اکاؤنٹ" والے ٹیب پر کلک کریں اور ٹرانزیکشن کی ہسٹری دیکھنے کے لیے نیچے اسکرول کریں۔ آپ ہر متعلقہ جمع ہونے والی رقم کے لیے "بچت میچ (Savings Match)" کے لیبل والی ٹرانزیکشن دیکھیں گے جو آپ کے مربوط کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ سے مربوط ہو گی۔

## 47. مجھے اپنے بچے کے لئے کالج اور کیریئر کی بچت کے کھاتے میں باقاعدگی سے کتنی رقم جمع کرانی چاہیے؟

ہر فیملی کی حالت مختلف ہوتی ہے۔ کالج اور کیریئر کی بچت ایک فیملی کی مجموعی مالی حالت کا ایک اہم حصہ ہے۔ کالج یا کیریئر کی تربیت کے لئے کتنی رقم بچانی چاہیے، یہ آپ کی ذاتی مالی حالت پر منحصر ہے، جس میں آپ کی آمدنی، اثاثے، قرض، باقاعدہ اخراجات، عوامی فوائد اور کریڈٹ شامل ہیں۔ NYC Kids RISE ہر فیملی کو یہ مشورہ دیتا ہے کہ وہ اپنی استطاعت کے مطابق کسی بھی مقدار میں بچت شروع کرے۔ جب آپ کا بچہ چھوٹا ہو، تو بچت شروع کرنا بہت اہم ہوتا ہے، چاہے رقم کم ہو۔

اپنی مجموعی مالی حالت کے مطابق بچت کے لئے مفت، بالمشافہ مدد حاصل کرنے کے لئے، NYC کے مالی خودمختاری کے مراکز میں سے کسی ایک مرکز پر جا کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ مالی خودمختاری کے مراکز میں، آپ ایک پیشہ ور مالی مشیر سے ملاقات کر سکتے ہیں جو آپ کی مدد کرے گا قرضوں سے نمٹنے، اپنے کریڈٹ کو بہتر بنانے، بجٹ بنانے، بینک اکاؤنٹ کھولنے، بچت کرنے اور مستقبل کے لئے منصوبہ بنانے میں۔ آپ اپنے بچے کی کالج اور کیریئر کی تعلیم کے لئے بچت کرنے کے بارے میں معلومات بھی حاصل کر سکتے ہیں اور بچت شروع کرنے کے لئے ایک منصوبہ بنا سکتے ہیں۔

اپنے قریب موجود مالی خودمختاری کے کسی مرکز میں ملاقات کا وقت طے کرنے کے لئے، 311 پر کال کریں یا ویب سائٹ nyc.gov/talkmoney پر جائیں۔

---

*NYC Kids RISE کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کا نظم کرنے کے لیے سٹی آف نیو یارک اور نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYC محکمۂ تعلیم) کے ساتھ کام کرنے والی ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے۔*